Seat No. : _______________

SA-113

September-2020

M.A., Sem.-IV

507 : Urdu

(Classical Poetry – Deccan Main Urdu)

Time : 2 Hours] **[Max. Marks : 50**

ہدایت : یہ سوالیہ پرچہ دو حصوں پر مشتمل ہے۔ حصۂ اوّل میں کل آٹھ سوالات ہیں جن میں سے کسی بھی تین کے جوابات لکھنا ضروری ہے۔ حصۂ دوّم میں کل سولہ (۱۶) معروضی سوالات ہیں جن میں سے کسی بھی آٹھ کے جوابات لازمی ہیں۔ سوال میں درج نمبر ہی جوابی پرچے پر تحریر کریں۔

(حصۂ اوّل)

سوال : ۱ دکن میں اُردو زبان وادب کی ترویج واشاعت پر روشنی ڈالئے۔ ۱۴

سوال : ۲ بہمنی دَور کے شعراء سے متعارف ان کے نمونۂ کلام کے ساتھ پیش کیجئے۔ ۱۴

سوال: ۳ دکنی اُردو کی لسانی خصوصیات پر خامہ فرسائی کیجئے۔ ۱۴

سوال: ۴ قطب شاہی دَور کے شعراء کا تعارف پیش کرتے ہوئے اُن کے کلام پر تبصرہ کیجئے۔ ۱۴

سوال: ۵ بیجاپور کی عادل شاہی دَور کے شعراء اور ان کر کلام پر تبصرہ کیجئے۔ ۱۴

سوال: ۶ قطب شاہی دَور کے نثر نگاروں کو ان کی نثری تصانیف کے ساتھ متعارف کیجئے۔ ۱۴

سوال: ۷ مندرجۂ ذیل سوالوں کے جوابات لکھئے۔ ۱۴

(۱) عادل شاہی دَور کے نثر نگار

(۲) نظام شاہی اور برید شاہی دَور کے شعراء

سوال: ۸ مندرجۂ ذیل سوالوں کے جوابات لکھئے۔ ۱۴

(۱) قلی قطب شاہ اور اس کی شاعری

(۲) حضرت بندہ نواز گیسو دراز

(حصہ دوّم)

سوال : ۹ مندرجہ ذیل میں سے کسی بھی آٹھ (۸) معروضی سوالات کے جوابات لکھئے۔ ۸

(۱) ''تاریخ سکندری'' کے مصنف کون ہیں؟

(۲) شمالی ہند میں اردو شاعری کے آغاز کا سہرا کس شاعر کے سر ہے؟

(۳) دکن کی خود مختار بہمنی سلطنت کا آغاز کس سن سے ہوا؟

(۴) ''ہشت بہشت'' مثنوی ملک خوشنود نے کس سلطان کے حکم سے تخلیق کی؟

(۵) عبد القادر جیلانی کے رسالے کا نام کیا ہے؟

(۶) ملّا وجہیؔ کی ''سب رس'' کس فارسی قصہ کا اُردو ترجمہ ہے؟

(۷) ''جل ترنگ'' اور ''گل باس'' رسالے کس کے نام سے منسوب ہیں؟

(۸) برہان الدین جانم کی ''حکمتہ الحقائق'' کس دبستان سے تعلق رکھتی ہے؟

(۹) حافظ شیرازی کو دکن تشریف لانے کی دعوت کس سلطان نے دی تھی؟

(۱۰) غواصی کی شاعرانہ چشمک دکن کے کس شاعر سے تھی؟

(۱۱) قطب شاہی دور کے عابد شاہ کی تصنیف ''کنز المومنین'' کا موضوع کیا ہے؟

(۱۲) وجہیؔ نے اپنی شاعرانہ زبان کو کس جائے مقام کی زبان سے موسوم کیا ہے؟

(۱۳) گراہم بیلی نے دکن کی قدیم ادبیات میں کس کتاب کو سب سے اہم قرار دیا؟

(۱۴) مثنوی ''گلزار السالکین'' کا موضوع کیا ہے؟

(۱۵) دکن کی کس مشہور تصنیف میں ہندی الفاظ کی کثرت پائی جاتی ہے؟

(۱۶) کیا ترجمہ دکھنی ہور دل پذیر
بولیا معجزہ یوں کمال خاں دبیر

مندرجہ بالا شعر کس کا ہے اور کس کتاب سے اخذ کیا گیا ہے؟